نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی سربراہی میں محکمہ زراعت پنجاب کے اعلیٰ سطحی وفد کا چین کا دورہ۔

18 اکتوبر 2025: وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں محکمہ زراعت پنجاب کے ایک اعلیٰ سطحی وفد کا چین کا دورہ۔ وفد میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور دیگر اراکین شامل ہیں۔

وفد نے اپنے دورے کے دوران سینجنٹا چائنا ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا جہاں سینجنٹا چائنا کے صدر فو سو (FU SU) نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔اس موقع پر سینجنٹا چائنا کی جانب سے پنجاب میں کوالٹی سیڈ پروڈکشن کے لیے مکمل تعاون اور تکنیکی معاونت کی یقین دہانی کرائی گئی۔وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پنجاب سے تل (Sesame) کی برآمد بڑھانے کے لیے سینجنٹا چائنا عملی اقدامات کرے گا۔مزید برآں، سینجنٹا چائنا نے پنجاب میں جدید ٹیکنالوجی سینٹر کے قیام میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

وفد نے چین میں دنیا کی معروف ٹریکٹر ساز کمپنی وائی ٹی او (YTO) کا بھی دورہ کیا۔اس موقع پر وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وائی ٹی او نے پنجاب میں جدید ترین زرعی مشینری کے پلانٹ کے قیام کے لیے پرائیویٹ سیکٹر سے معاہدہ طے کر لیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ وائی ٹی او کا وفد جلد پنجاب کا دورہ کرے گا تاکہ تعاون کے مختلف پہلوؤں کو حتمی شکل دی جا سکے۔وزیرِ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وائی ٹی او کے تحت مقامی سطح پر جدید زرعی مشینری اور ٹریکٹرز کی مینوفیکچرنگ سے فارم میکانائزیشن کو فروغ ملے گا اور کاشتکاروں کو جدید سہولیات میسر آئیں گی۔

☆☆☆☆